نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت کاشتکاروں کو جدید زرعی معلومات کی ترسیل کیلئے اصلاحات سے متعلق زراعت ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد

لاہور:15اپریل2024 (   ) کاشتکاروں کو جدید زرعی معلومات کی فوری ترسیل کیلئے سوشل میڈیا کا رول نہایت اہمیت کا حامل ہے۔سوشل میڈیا کے موثر استعمال سے کاشتکاروں کو فوری معلومات دینے کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے زراعت ہاؤس لاہور میں کاشتکاروں کو جدید ذرائع ابلاغ کے استعمال سے زرعی معلومات کی ترسیل سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ہر محکمہ عوام کو معلومات کی فوری ترسیل کیلئے اقدامات یقینی بنائے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے شرکت کی۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پاکستان میں سوشل میڈیا کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے۔کاشتکاروں کی بروقت فنی راہنمائی کیلئے محکمہ زراعت کے سوشل میڈیا ٹیم کا فعال ہونا انتہائی ناگزیر ہے تاکہ کاشتکاروں کو فصلوں کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی،موسم کی صورتحال،منڈیوں کے ریٹس اور حکومت پنجاب کے کسان دوست منصوبوں سے متعلق بروقت آگاہی حاصل ہو سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں اس وقت 7 کروڑ 17 لاکھ سے زائد سوشل میڈیا صارفین موجود ہیں۔کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کیلئے سوشل میڈیا پلیٹ فارم کا موثر استعمال وقت کا اہم تقاضا ہے جس سے نہ صرف فوری آگاہی حاصل ہوتی ہے بلکہ وقت اور پیسے کی بھی بچت ہوتی ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ دنیا بھر میں کاشتکاروں کی معلومات کیلئے زرعی توسیع کی سروسز ڈیجیٹلائز ڈ ہو رہی ہیں۔موثر ذرائع ابلاغ کے ذریعے فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ممکن ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کو سوشل میڈیا کے ذریعے فوری معلومات پہنچانے کیلئے محکمانہ اصلاحات کی جائیں اور بروقت و معیاری معلومات کی ترسیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام الناس زراعت سے متعلق اچھی اور جامع معلومات سے استفادہ کر سکیں۔قبل ازیں،سوشل میڈیا سے منسلک ایکسپرٹ نے صوبائی وزیر زراعت اور سیکرٹری زراعت کو سوشل میڈیا کے موثر استعمال سے متعلق قابلِ عمل تجاویز پیش کیں جن پر فوری عملدرآمد کیلئے احکامات صادر کیے جائیں۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید،ڈائریکٹر جنرل زراعت فیلڈ انجنیر احمد سہیل،کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر انجم علی اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆